# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON INFORMATION & BROADCASTING ON THE ASSOCIATED PRESS OF PAKISTAN CORPORATION (AMENDMENT) BILL, 2019

I, Chairman of the Standing Committee on Information & Broadcasting, have the honour to present the report on the Bill further to amend the Associated Press of Pakistan Corporation Ordinance, 2002 (LXXX of 2002) [the Associated Press of Pakistan Corporation (Amendment) Bill, 2019] (Private Member's Bill) referred to the Committee on 1st October, 2019.

2. The Committee comprises the following:

| | | |
|---|---|---|
| 01 | **Mian Javed Latif** | **Chairman** |
| 02. | Engr. Usman Khan Tarakai | Member |
| 03. | Mr. Nasir Khan Musazai | Member |
| 04. | Mr. Zahoor Hussain Qureshi | Member |
| 05. | Mr. Tahir Iqbal | Member |
| 06. | Mr. Muhammad Akram Cheema | Member |
| 07. | Mr. Muhammad Alamgir Khan | Member |
| 08. | Mr. Aftab Jahangir | Member |
| 09. | Ms. Javeria Zafar Aheer | Member |
| 10. | Ms. Syma Nadeem | Member |
| 11. | Ms. Kanwal Shauzab | Member |
| 12. | Syed Amin-ul-Haque | Member |
| 13. | Khawaja Saad Rafique | Member |
| 14. | Mr. Nadeem Abbas | Member |
| 15. | Ms. Marriyum Aurangzeb | Member |
| 16. | Ms. Maiza Hameed | Member |
| 17. | Mr. Zulfiqar Ali Behan | Member |
| 18. | Dr. Nafisa Shah | Member |
| 19. | Ms. Naz Baloch | Member |
| 20. | Minister Incharge for Information & Broadcasting | Ex-Officio Member |

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly placed at Annex-A, in its meetings held on 05-12-2019, 30-12-2019 and 21-01-2020. The Committee recommends that the Bill as introduced may be passed by the National Assembly.

sd/-
**(TAHIR HUSSAIN)**
Secretary
Islamabad, the 4th February, 2020

sd/-
**(MIAN JAVED LATIF)**
Chairman

Annex-A

**[AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]**

**A**

**Bill**

to amend the Associated Press of Pakistan Corporation Ordinance, 2002

WHEREAS it is expedient to amend the Associated Press of Pakistan Corporation Ordinance, 2002 (LXXX of 2002), for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.-** (1) This Act may be called the Associated Press of Pakistan Corporation (Amendment) Act, 2020.

(2) It shall come into force at once.

2. **Substitution of section 21, Ordinance LXXX of 2002.-** In the Associated Press of Pakistan Corporation Ordinance, 2002 (LXXX of 2002), for section 21, the following shall be substituted, namely:-

"21. **Power to make rules.-** (1) Subject to sub-sections (2) and (3), the Minister-in-charge may, by notification in the official Gazette, within six months, make rules to carry out the purposes of this Ordinance.

(2) Except the rules made prior to commencement of the Associated Press of Pakistan Corporation (Amendment) Act, 2020.

(a) the draft of the rules proposed to be made under sub-section (1) shall be published for the information of persons likely to be affected thereby;

(b) the publication of the draft rules shall be made in print and electronic media including websites in such manner as may be prescribed;

(c) a notice specifying a date, on or after which the draft rules will be taken into consideration, shall be published with the draft;

(d) objections or suggestions, if any, which may be received from any persons with respect to the draft rules before the date so specified, shall be considered and decided before finalizing the draft rules; and.

(e) finally approved, in the prescribed manner, rules shall be published in the official Gazette.

(3) Rules, made after the prorogation of the last session, including rules previously published, shall be laid before the National Assembly and the Senate as soon as may be after the commencement of next session respectively and thereby shall stand referred to the Standing Committees concerned with the subject matter of the rules for examination, recommendations and report to the National Assembly and the Senate to the effect whether the rules,-

(a) have duly been published for considering the objections or suggestions, if any, and timely been made;
(b) have been made within the scope of the enactment;
(c) are explicit and covered all the enacted matters;
(d) relate to any taxation;
(e) bar the jurisdiction of any court;
(f) give retrospective effect to any provision thereof;
(g) impose any punishment; and
(h) made provision for exercise of any unusual power."

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Subject to the Constitution, primarily Majlis-e-Shoora (Parliament) has exclusive power to make laws with respect to any matter in the Federal Legislative List. Frequently enactments empower the Government, or specified bodies or office-holders to make rules to carry out the purposes thereof popularly known as delegated, secondary, or subordinate legislation.

Rules of both the National Assembly and the Senate provide that delegated legislation may be examined by the Committees concerned. But practically no effective parliamentary oversight has been made. Further, in the prevalent legal system it is also a departure from the principle of separation of powers that laws should be made by the elected representatives of the people in Parliament and not by the executive Government. In parliamentary democracies, the principle has been largely preserved through an effective system of parliamentary control of executive law-making, by making provision that copies of all subordinate legislations be laid before each House of the Parliament within prescribed sitting days thereof otherwise they cease to have effect.

Although under the Constitution, the Cabinet is collectively responsible to the Senate and the National Assembly, yet, under the Rules of Business, 1973, the Minister-in-Charge is responsible for policy concerning his Division and the business of the Division is ordinarily disposed of by, or under his authority, as he assumes primary responsibility for the disposal of business pertaining to his portfolio. Therefore it is necessary that all rules, including previously published, made after the prorogation of the last session shall be laid before both Houses as

soon as may be after the commencement of a session and thereby shall stand referred to the Standing Committee concerned with the subject matter of the rules.

The proposed amendment would achieve objective of valuable participation of the people in rules making process, meaningful exercise of authority by the Minister-in-Charge to assume primary responsibility for the disposal of business pertaining to his portfolio including rule making and efficient and effective parliamentary oversight relating to delegated legislation.

AMJADALI KHAN
~~SYED FAKHAR IMAM~~
Member, National Assembly

## قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

**ایسوسی ایٹڈ پریس آف پاکستان کارپوریشن (ترمیمی) بل، ۲۰۱۹ء پر قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات و نشریات کی رپورٹ۔**

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات و نشریات یکم اکتوبر، ۲۰۱۹ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ ایسوسی ایٹڈ پریس آف پاکستان کارپوریشن آرڈیننس، ۲۰۰۲ء (نمبر ۸۰ بابت ۲۰۰۲ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل ایسوسی ایٹڈ پریس آف پاکستان کارپوریشن (ترمیمی) بل، ۲۰۱۹ء] (نجی رکن کا بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | میاں جاوید لطیف | چیئرمین |
| ۲۔ | انجینئر عثمان خان ترکئی | رکن |
| ۳۔ | جناب ناصر خان موسیٰ زئی | رکن |
| ۴۔ | جناب ظہور حسین قریشی | رکن |
| ۵۔ | جناب طاہر اقبال | رکن |
| ۶۔ | جناب محمد اکرم چیمہ | رکن |
| ۷۔ | جناب محمد عالمگیر خان | رکن |
| ۸۔ | جناب آفتاب جہانگیر | رکن |
| ۹۔ | محترمہ جویریہ ظفر آہیر | رکن |
| ۱۰۔ | محترمہ صائمہ ندیم | رکن |
| ۱۱۔ | محترمہ کنول شوزب | رکن |
| ۱۲۔ | سید امین الحق | رکن |
| ۱۳۔ | خواجہ سعد رفیق | رکن |
| ۱۴۔ | جناب ندیم عباس | رکن |
| ۱۵۔ | محترمہ مریم اورنگزیب | رکن |
| ۱۶۔ | محترمہ مائزہ حمید | رکن |
| ۱۷۔ | جناب ذوالفقار علی بہن | رکن |
| ۱۸۔ | ڈاکٹر نفیسہ شاہ | رکن |
| ۱۹۔ | محترمہ ناز بلوچ | رکن |
| ۲۰۔ | وزیر انچارج برائے اطلاعات و نشریات | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۵/دسمبر، ۲۰۱۹ء، ۳۰/دسمبر، ۲۰۱۹ء اور ۲۱/جنوری، ۲۰۲۰ء کو منعقدہ اپنے اجلاسوں میں منسلکہ "الف" کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا۔ کمیٹی سفارش کرتی ہے کہ قومی اسمبلی پیش کردہ صورت میں بل کی منظوری دے۔

دستخط/۔

(طاہر حسین)

سیکرٹری

اسلام آباد، ۴/فروری، ۲۰۲۰ء

دستخط/۔

(میاں جاوید لطیف)

چیئرمین

ضمیمہ 'الف'

[ قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

**ایسوسی ایٹڈ پریس آف پاکستان کارپوریشن آرڈیننس، ۲۰۰۲ء میں ترمیم کرنے کا**

**بل**

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے ایسوسی ایٹڈ پریس آف پاکستان کارپوریشن آرڈیننس، ۲۰۰۲ء (نمبر ۸۰ بابت ۲۰۰۲ء) میں ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) ایکٹ ہذا ایسوسی ایٹڈ پریس آف پاکستان کارپوریشن (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۰ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **آرڈیننس نمبر ۸۰ بابت ۲۰۰۲ء، دفعہ ۲۱ کی تبدیلی۔۔** ایسوسی ایٹڈ پریس آف پاکستان کارپوریشن آرڈیننس، ۲۰۰۲ء (نمبر ۸۰ بابت ۲۰۰۲ء) میں، دفعہ ۲۱ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۲۱۔ **قواعد وضع کرنے کا اختیار۔** (۱) ذیلی دفعات (۲) اور (۳) کے تابع، وزیر انچارج، سرکاری جریدہ میں اعلامیہ کے ذریعے، چھ ماہ کے اندر، آرڈیننس ہذا کے مقاصد کی تعمیل کے لئے قواعد وضع کر سکتا ہے۔

(۲) ماسوائے ایسوسی ایٹڈ پریس آف پاکستان کارپوریشن (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۰ء کے آغاز سے قبل وضع کردہ قواعد،۔

(الف) ذیلی دفعہ (۱) کے تحت وضع کئے جانے والے مجوزہ قواعد کا مسودہ ممکنہ متاثرہ افراد کی معلومات کے لئے شائع کیا جائے گا؛

(ب) مسودہ قواعد کو مجوزہ طریقہ کار کے مطابق پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا بشمول ویب سائٹ پر شائع کیا جائے گا؛

(ج) ایک نوٹس مع مخصوص تاریخ جس پر یا جس کے بعد مسودہ قواعد پر غور کیا جائے گا، مسودہ کے ساتھ شائع کیا جائے گا؛

(د) اعتراضات یا تجاویز، اگر کوئی ہوں، جو کہ مسودہ قواعد کے ضمن میں اس طرح سے مختص تاریخ سے قبل کسی بھی اشخاص سے موصول ہوں، پر غور و خوض کیا جائے گا اور مسودہ قواعد کو حتمی شکل دینے سے قبل اس کا فیصلہ کیا جائے گا؛ اور

(ہ) مقررہ طریقے سے حتمی طور پر منظور شدہ قواعد سرکاری جریدہ میں شائع کئے جائیں گے۔

(۳) قواعد، جو کہ آخری اجلاس کے غیر معینہ مدت تک ملتوی ہونے کے بعد وضع کئے جائیں، بشمول ان قواعد کے جو کہ پہلے شائع کئے جا چکے ہوں، کو علی الترتیب قومی اسمبلی اور سینیٹ میں آئندہ اجلاس کے آغاز کے بعد پیش کیا جائے گا اور اس طرح قواعد کے موضوعی معاملہ کے ساتھ جائزہ، سفارشات اور قومی اسمبلی اور سینیٹ کو اس ضمن میں رپورٹ دینے کے لئے متعلقہ قائمہ کمیٹیوں کے سپرد ہو جائیں گے کہ آیا قواعد،۔

(الف) اعتراضات یا تجاویز، اگر کوئی ہوں، کو زیر غور لانے کے لئے باضابطہ طور پر شائع کر دیئے گئے ہیں اور بروقت وضع کیے گئے ہیں؛

(ب) وسعت نفاذ کے اندر وضع کئے گئے ہیں؛

(ج) واضح ہیں اور نفاذ کے جملہ معاملات کا احاطہ کرتے ہیں؛

(د) کسی ٹیکس سے متعلق ہیں؛

(ہ) کسی عدالت کے اختیار سماعت میں مانع ہیں؛

(و) اس کی کسی دفعہ کو مؤثر بہ ماضی قرار دیتے ہیں؛

(ز) کوئی سزا عائد کرتے ہیں؛ اور

(ح) کسی غیر معمولی اختیار کو بروئے کار لانے کے لئے صراحت کرتے ہیں۔"۔

## بیان اغراض ووجوہ

دستور کے تابع، مجلس شوریٰ (پارلیمنٹ) کو بنیادی طور پر وفاقی فہرست قانون سازی میں کسی معاملے کے ضمن میں قوانین وضع کرنے کے لئے خصوصی اختیار حاصل ہے۔ اکثر قوانین حکومت یا مخصوص اداروں یا عہدیداران کو بااختیار بناتے ہیں تا کہ وہ عام طور پر معروف تفویض کردہ، ثانوی یا ذیلی قانون سازی کے مقاصد کو پورا کرنے کے لئے قواعد وضع کریں۔

قومی اسمبلی اور سینیٹ ہر دو کے قواعد میں صراحت کی گئی ہے کہ متعلقہ کمیٹیاں تفویض کردہ قانون سازی کا جائزہ لیں گی۔ لیکن عملاً مؤثر طور پر کوئی پارلیمانی نظر ثانی انجام نہیں دی گئی۔ مزید یہ کہ مروجہ قانونی نظام میں اختیارات کی علیحدگی کے اصول سے بھی انحراف ہے کہ قوانین پارلیمنٹ میں عوام کے منتخب نمائندے بنائیں گے نہ کہ انتظامی حکومت۔ پارلیمانی جمہوریتوں میں یہ صراحت کرتے ہوئے کہ تمام ذیلی قانون سازیوں کی نقول پارلیمان کے ہر ایک ایوان کے مقررہ اجلاس کے دنوں میں پیش کی جائیں گی بصورت دیگر ان کا روبہ عمل ہونا ساقط ہو جائے گا، انتظامی قانون سازی پر پارلیمانی کنٹرول کے مؤثر نظام کے ذریعے اس اصول کو بڑی حد تک محفوظ کیا گیا ہے۔

اگرچہ دستور کے تحت، کابینہ بحیثیت مجموعی سینیٹ اور قومی اسمبلی کو جوابدہ ہے، تاہم قواعد کار، ۱۹۷۳ء کے تحت وزیر انچارج اپنے ڈویژن سے متعلق پالیسی کا ذمہ دار ہوتا ہے اور عام طور پر ڈویژن کا کام اس کی جانب سے یا اس کی اتھارٹی کے تحت نمٹایا جاتا ہے کیونکہ اپنے عہدے سے متعلقہ کام کو نمٹائے جانا اس کی اولین ذمہ داری تصور کی جاتی ہے۔ لہٰذا ضروری ہے کہ جملہ قواعد جن میں پہلے سے شائع کردہ بھی شامل ہیں جو گزشتہ اجلاس کے غیر معینہ مدت کے لئے ملتوی کئے جانے کے بعد وضع کئے گئے، اجلاس کے آغاز کے بعد جلد از جلد دونوں ایوانوں کے سامنے رکھے جائیں گے اور اس کے ذریعے قواعد کے موضوعی معاملہ کے ساتھ متعلقہ قائمہ کمیٹی کو سپرد کردہ متصور ہوں گے۔

مجوزہ ترمیم کے ذریعے قواعد وضع کرنے کے عمل میں عوام کی قابل قدر شرکت، وزیر انچارج کے اپنے عہدے سے متعلق کام نمٹائے جانے کی اولین ذمہ داری پوری کرنے کے لئے اس کی جانب سے اتھارٹی کو بامقصد طریقے سے بروئے کار لانے، جس میں قواعد وضع کرنا اور تفویض کردہ قانون سازی سے متعلق موزوں اور مؤثر پارلیمانی نظر ثانی شامل ہے، کا مقصد حاصل کرنا ہے۔

امجد علی خان

~~سید فخر امام~~

رکن، قومی اسمبلی